# Sample Question Paper 2026-2027

Subject Urdu Elective

Code 003

Class XII

Time: 3 Hours Maximum Marks: 80

**ہدایات:**

(i) اس سوالنامے میں کل **تین** حصے ہیں جن میں **13** سوالات پوچھے گئے ہیں۔

(ii) **حصہ 'الف'** –عبارت فہمی، شعر فہمی اور تحریری مہارت کے حوالے سے- **50** نمبر کا ہے۔

(iii) حصہ **'ب'** – 'ادب' کے حوالے سے - **20** نمبر کا ہے۔

(iv) حصہ 'ج'۔'عملی قواعد' کے حوالے سے - 10 نمبر کا ہے۔

(v) **ہدایات کے مطابق جواب لکھیے۔**

**Instructions:**

(i) This Question paper contains three Sections and 13 **Questions.**

(ii) Section - **A** 'Reading, Writing Skills and Comprehension' carries **50** marks.

(iii) Section - **B** 'Literature' carries ' carries **20** marks.

(iv) Section - **C** 'Functional Grammar' carries **10** marks.

(v) **Attempt answer as per the instructions.**

## Section A (حصہ الف)

**سوال نمبر1۔** مندرجہ ذیل غیر درسی(نثری) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق دیے گئے سوالوں کے (5x1=5) متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔

عصرِ حاضر میں قدرتی وسائل کا استحصال عام بات ہو گئی ہے۔ جنگلوں کی بے تحاشہ کٹائی اور روزانہ سڑکوں و پٹریوں پر دوڑنے والی گاڑیوں سے لاکھوں ٹن دھواں نکلتا ہے جو ہمارے ماحول کی آلودگی کے اہم اسباب ہیں۔ کارخانوں اور فیکٹریوں سے لاکھوں ٹن زہریلا کچرا اور فاسد مادّے ندیوں میں بہا دیے جاتے ہیں۔ بے قابو شہر کاری صنعتوں و کارخانوں اور کاشتکاری میں کیمیائی اشیا کے اندھا دھند استعمال کی وجہ سے اب جنگلی جانور، پرندے اور حشرات بھی کم ہوتے نظر آتے ہیں۔ بدلتی ہوئی آب و ہوا، انسانی مداخلت اور خوردنی اشیا میں شامل ہوتے زہریلے مادے جانداروں کے لیے جان لیوا ثابت ہو رہے ہیں۔ موسموں کا مزاج بدلتا ہوا نظر آتا ہے۔ کسی بھی وقت موسلادھار بارش کا ہونا، بادلوں کے پھٹنے کی تعداد میں مسلسل اضافہ اور درجۂ حرارت میں دن بہ دن بڑھوتری غور و فکر کی دعوت دیتے ہیں کہ ہم انسان اپنا محاسبہ کریں کہ کیا ہم ماحولیات کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داری نبھا رہے ہیں۔

(i) ماحول کی آلودگی کا اہم سبب کیا ہے؟

(a) کاغذ کی چھپائی (b) جنگلوں کی کٹائی (c) سبزیوں پر کیمیاوی کھاد کا استعمال
(d) بے تحاشہ محنت

(ii) کارخانے اور فیکٹریوں سے کیا چیز ندیوں میں بہائی جاتی ہے؟

(a) فاسد مادے (b) دھاتیں (c) پلاسٹک (d) فیکٹریوں کی پیداوار

(iii) حشرات کسے کہتے ہیں؟

(a) تیرنے والے جانور (b) اڑنے والے پرندے (c) کیڑے مکوڑے
(d) پیڑ پودے

(iv) زہریلے مادّے کن اشیا میں شامل ہو رہے ہیں؟

(a) دستکاری کی اشیا (b) خوردنی اشیا (c) پیڑ پودے (d) فاسد اشیا

(v) کسی بھی وقت موسلادھار بارش کا ہونا اور بادلوں کا پھٹنا کس بات کی طرف اشارہ ہے؟

(a) ماحولیات کا تحفظ (b) ہماری ذمہ داری (c) انسانی استحصال (d) موسموں کا بدلتا مزاج



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

**یا**

تعلیم اور اسکول کا آپس میں بہت گہرا رشتہ ہے اسکول کے اساتذہ طالب علم کو پڑھنے لکھنے اور سوچنے سمجھنے کے قابل بناتے ہیں اور ان کی پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہیں۔ اسکول صرف ایک تعلیمی ادارہ نہیں بلکہ ایک ایسی درسگاہ ہے جہاں طالب علم کی شخصیت نکھرتی اور سنورتی ہے۔ بچہ جب پہلی بار اسکول جاتا ہے تو وہ بہت سی چیزوں سے لاعلم ہوتا ہے۔ اسکول کا ماحول اور وہاں کے اساتذہ اسے نصابی کتابوں کے ساتھ زندگی کی اچھی اور بری چیزوں سے بھی روشناس کراتے ہیں۔ اسکول کے بغیر تعلیم کا تصور ادھورا ہے۔ اسکول بچوں کی ہمہ جہت تربیت کا مرکز ہے۔ یہاں سچائی، ایمانداری، محنت، نظم وضبط اور بھائی چارے جیسی خوبیاں پروان چڑھتی ہیں۔ ان خوبیوں کا حامل شخص سماج کا پسندیدہ اور کارآمد انسان کہلاتا ہے۔ یہ سب اسی وقت ممکن ہے جب معیاری تعلیم کے ساتھ مخلص اور قابل اساتذہ موجود ہوں اور تخلیقی اور تنقیدی سوچ کو فروغ دیا جائے۔

(i) پوشیدہ صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کا مطلب ہے؟

(a) ڈانٹنا (b) تعریف کرنا (c) تربیت دینا (d) سزا دینا

(ii) اسکول میں تعلیم حاصل کرنے کے علاوہ اور کس بات کا موقع ملتا ہے؟

(a) لاعلمی کا (b) شخصیت کو نکھارنے اور سنوارنے کا

(c) نامانوس ہونے کا (d) خلاؤں میں پرواز کا

(iii) نصابی کتاب کا مطلب؟

(a) درسی کتاب (b) مذہبی کتاب (c) فلمی کتاب (d) کھیلوں کی کتاب

(iv) ہمہ جہت تربیت سے مراد ہے؟

(a) نصاب کی آموزش (b) زبان کی آموزش

(c) کھیل کود میں شرکت (d) اوپر کے سبھی

(v) سماج کا پسندیدہ اور کارآمد انسان کون ہوتا ہے؟

(a) مخلص اور قابل استاد (b) لاپرواہ طالب علم

(c) تخلیقی اور تنقیدی سوچ والا انسان (d) سچا، ایماندار، محنتی انسان



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

**سوال نمبر2۔** مندرجہ ذیل (درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات کے معروضی جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ (5x1= 5)

جب علی گڑھ میں ایم۔اے کرنے کے دوران تنقید کے پرچے سے ہمارا سابقہ پڑا تو ہم نے کلیم الدین احمد کی کتابیں ''اردو تنقید پر ایک نظر'' اور ''اردو شاعری پر ایک نظر'' غور سے پڑھیں۔اسی زمانے میں ہم نے اردو ناقدین کی ایک پیروڈی ''کپور کا فن'' عنوان سے لکھی۔اس میں کلیم الدین احمد کے انداز بیان کا بھی چربہ اڑایا جو بے حد پسند کیا گیا۔سرسید ہال میگزین ''اسکالر'' کا میں ایڈیٹر تھا، اس کا پیروڈی نمبر نکالا۔پہلی بار یہ پیروڈی اس میں یا علی گڑھ میگزین میں شائع ہوئی تھی۔ کلیم صاحب کے ایک شاگرد ہمارے گہرے دوست تھے۔ان کے اصرار پر ہم نے وہ رسالہ کلیم صاحب کو ڈاک سے بھیج دیا۔ان صاحب کا کہنا تھا کہ کلیم صاحب کو خط کا جواب دینے کی عادت نہیں ہے مگر وہ بہت پڑھتے ہیں اور آپ کا مضمون ضرور پڑھیں گے اور پسند کریں گے۔

(i) درج بالا اقتباس کا تعلق نثر کی کس صنف سے ہے؟

(a)داستان (b)افسانہ (c) رپورتاژ (d) خاکہ

(ii) اس کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(a)رام لعل (b)احمد جمال پاشا (c)کرشن چندر (d)سجاد ظہیر

(iii) ''اردو تنقید پر ایک نظر'' اور ''اردو شاعری پر ایک نظر'' یہ کس کی کتابیں ہیں؟

(a) سید احتشام حسین (b) پریم چند (c) کلیم الدین احمد (d) آل احمد سرور

(iv) سرسید ہال میگزین کا نام کیا ہے؟

(a) اسکالر (b)مخزن (c)معارف (d) سرسید میگزین

(v) کلیم صاحب کو کس کا جواب دینے کی عادت نہیں ہے؟

(a)بات کا (b) خط کا (c) سوال کا (d) فون کا

**یا**

''اتنے بڑے ڈیل ڈول کا انسان ذرا سے بھنگے پر قابو نہیں پا سکتا۔طرح طرح کے مسالے بھی بناتا ہے کہ ان کی بو سے مچھر بھاگ جائیں۔لیکن مچھر اپنی یورش سے باز نہیں آتے۔آتے ہیں اور نعرے لگاتے ہوئے آتے ہیں۔ بے چارہ آدم زاد حیران رہ جاتا ہے اور کسی طرح ان کا مقابلہ نہیں کرسکتا۔ امیر، غریب، ادنیٰ، اعلیٰ، بچے، بوڑھے، عورت، مرد کوئی اس کے وار سے محفوظ نہیں۔یہاں تک کہ آدمی کے پاس رہنے والے



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

جانوروں کو بھی ان کے ہاتھ سے ایذا ہے۔ مچھر جانتا ہے کہ دشمن کے دوست بھی دشمن ہوتے ہیں۔ ان جانوروں نے میرے دشمن کی اطاعت کی ہے تو میں ان کو بھی مزا چکھاؤں گا۔ آدمیوں نے مچھر کے خلاف ایجی ٹیشن کرنے میں کوئی کسر نہیں اٹھا رکھی۔ ہر شخص اپنی سمجھ اور عقل کے موافق مچھروں پر الزام رکھ کر لوگوں میں ان کے خلاف جوش پیدا کرنا چاہتا ہے۔ مگر مچھر اس کی کچھ پروا نہیں کرتا۔"

(i) مندرجہ بالا اقتباس نثر کی کس صنف سے لیا گیا ہے؟

(a) ناول (b) افسانہ (c) انشائیہ (d) رپورتاژ

(ii) اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) مچھر (b) پودے (c) خوجی ایک مطالعہ (d) میں، وہ

(iii) اس کے مصنف کون ہیں؟

(a) منشی پریم چند (b) کرشن چندر (c) خواجہ حسن نظامی (d) کنھیا لال کپور

(iv) انسان طرح طرح کے مسالے کیوں بناتا ہے؟

(a) تاکہ انسان کمزور ہو جائے (b) تاکہ انسان مضبوط ہو جائے

(c) تاکہ مچھر بھاگ جائیں (d) تاکہ مچھر مر جائیں

(v) مچھر انسانوں کے پاس رہنے والے جانوروں کو کیوں تکلیف پہنچاتا ہے؟

(a) دشمن کا دوست بھی دشمن ہوتا ہے (b) دشمن کا دوست بھی دوست ہوتا ہے

(c) دوست کا دشمن بھی دوست ہوتا ہے (d) دشمن کا دشمن بھی دشمن ہوتا ہے

**سوال نمبر3۔** درج ذیل سوالات میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔ (1x5=5)

(i) افسانہ کی تعریف کیجیے اس کے اجزائے ترکیبی لکھیے۔

(ii) مرزا غالب کے خطوط کی خصوصیات لکھیے۔



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

**سوال نمبر4۔** مندرجہ ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ (2x2.5=5)

(i) احمد جمال پاشا نے اپنے خاکے میں کلیم الدین احمد کی کن نمایاں خصوصیات کو بیان کیا ہے؟

(ii) سجاد ظہیر نے سبق "روشنائی" میں ادب کی سماجی ذمہ داری کو کس طرح واضح کیا ہے؟

(iii) سبق "روشنائی" میں سجاد ظہیر نے ترقی پسند ادیبوں کے ماحول کو کس طرح پیش کیا ہے؟

(iv) افسانہ "فوٹو گرافر" میں فوٹو گرافر کے کردار کے ذریعہ مصنفہ نے کون سا بنیادی احساس اجاگر کیا ہے؟

**سوال نمبر5۔** درج ذیل شعری (غیر درسی) اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس سے متعلق سوالات کے معروضی جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ (5x1=5)

جینے کی ہر طرح سے تمنا حسین ہے
ہر شر کے باوجود یہ دنیا حسین ہے

دریا کی تند باڑھ بھیانک سہی مگر
طوفان سے کھیلتا ہوا تنکا حسین ہے

صحرا کا ہر سکوت ڈراتا ہے تو کیا
جنگل کو کاٹتا ہوا رستہ حسین ہے

دل کو دہلائے لاکھ گھٹاؤں کی گھن گرج
مٹی پہ جو گرا ہے وہ قطرہ حسین ہے

دہشت دلا رہی ہیں چٹانیں تو کیا
پتھر میں جو صنم ہے وہ کتنا حسین ہے

(i) کسی چیز کی تمنا حسین ہے؟

(a) مرنے کی (b) جینے کی (c) کھیلنے کی (d) کھانے کی



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

(ii) دریا کی باڑھ کیسی ہے؟

(a) خاموش (b) خوبصورت (c) بھیانک (d) سست

(iii) صحرا کا سکوت کیا کرتا ہے؟

(a) ڈراتا ہے (b) خوش کرتا ہے (c) لبھاتا ہے (d) سلاتا ہے

(iv) دل کس چیز سے دہل جاتا ہے؟

(a) بجلی کی گرج سے (b) گھٹاؤں کی گھن گرج سے (c) اندھیروں سے (d) دہشت سے

(v) جنگل کا راستہ کیسا ہے؟

(a) حسین ہے (b) جمیل ہے (c) خوبصورت ہے (d) دلکش ہے

**یا**

رتبہ جسے دنیا میں خدا دیتا ہے
وہ دل میں فروتنی کو جا دیتا ہے
کرتے ہیں تہی مغز ثنا آپ اپنی
جو ظرف کہ خالی ہے صدا دیتا ہے

دنیا بھی عجب سرائے فانی دیکھی
ہر چیز یہاں کی آنی جانی دیکھی
جو آ کے نہ جائے وہ بڑھاپا دیکھا
جو جا کے نہ آئے وہ جوانی دیکھی

(i) اپنی تعریف کون لوگ کرتے ہیں؟

(a) عقل مند (b) بہادر (c) خالی دماغ (d) امیر لوگ

(ii) خدا دنیا میں کس کو رتبہ دیتا ہے؟

(a) جو دل میں فروتنی کو جگہ دیتا ہے (b) جو بہادر ہوتا ہے (c) جو عبادت گزار ہوتا ہے (d) جو دولت والا ہوتا ہے

(iii) سرائے فانی کس کو کہا گیا ہے؟

(a) انسانوں کو (b) اسکولوں کو (c) دنیا کو (d) جانوروں کو

(iv) فانی کے کیا معنی ہیں؟

(a) ہمیشہ رہنے والا (b) ختم ہونے والا (c) سکون دینے والا (d) تکلیف دینے والا

(v) شاعر کے مطابق کون سی چیز جانے کے بعد دوبارہ لوٹ کر نہیں آتی؟

(a) بڑھاپا (b) وقت (c) جوانی (d) بچپن

**سوال نمبر6۔** مندرجہ ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھئے اور اس سے متعلق سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجئے۔ (5x1=5)

اب بھاگتے ہیں سایۂ عشق بتاں سے ہم
کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسمان سے ہم

خود رفتگی شب کا مزہ بھولتا نہیں
آئے ہیں آج آپ میں یا رب کہاں سے ہم

اب شوق سے بگاڑ کی باتیں کیا کرو
کچھ پا گئے ہیں آپ کی طرز بیاں سے ہم

دلکش ہر ایک قطعۂ صحراء ہے راہ میں
ملتے ہیں جاکے دیکھئے کب کارواں سے ہم

لذت ترے کلام میں آئی کہاں سے یہ
پوچھیں گے جاکے حالیؔ جادو بیاں سے ہم

(i) درج بالا اشعار کا تعلق شاعری کی کس صنف سے ہے؟

(a) مرثیہ (b) قصیدہ (c) غزل (d) شنوی



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

(ii) اشعار کا تعلق کس شاعر سے ہے؟

(a)حالؔی (b) غالؔب (c) ناصر کاظمی (d) جذبؔی

(iii) تیسرے شعر میں شوق سے مراد کیا ہے؟

(a) دلچسپی (b) محبوب (c) عاشق (d) شاعر

(iv) صحرا کسی کو کب دلکش لگتا ہے؟

(a) جب محبوب کا قافلہ گزرے (b) جب سفر کرے (c) جب خوشی میں ہو (d) جب غم کی حالت میں ہو

(v) "کلام" کے کیا معنی ہیں؟

(a) چال (b) ادا (c) بات (d)خیال

**یا**

کھول آنکھ، زمیں دیکھ، فلک دیکھ، فضا دیکھ مشرق سے ابھرتے ہوئے سورج کو ذرا دیکھ
اس جلوۂ بے پردہ کو پردوں میں چھپا دیکھ ایامِ جدائی کے ستم دیکھ، جفا دیکھ
بیتاب نہ ہو، معرکۂ بیم و رجا دیکھ
ہیں تیرے تصرف میں یہ بادل یہ گھٹائیں یہ یہ گنبد افلاک، یہ خاموش فضائیں
کوہ، یہ صحرا، یہ سمندر، یہ ہوائیں تھیں پیش نظر کل تو فرشتوں کی ادائیں
آئینۂ ایام میں آج اپنی ادا دیکھ

(i) درج بالا اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے؟

(a) گورِغریباں (b) روحِ ارضی آدم کا استقبال کرتی ہے (c) زندگی سے ڈرتے ہو (d) ارتقاء

(ii) اس کے شاعر کون ہیں؟

(a) علی حیدر نظم طباطبائی (b) جمیل مظہری (c)ن۔م۔راشد (d) علامہ اقبال

(iii) یہ بادل یہ گھٹائیں کس کے تصرف میں ہیں؟

(a)تیرے (b) میرے (c) ان کے (d)سب کے

(iv) "افلاک" کا واحد کیا ہے؟

(a)فالک (b) فلک (c) فلوک (d)افلک

(v) کس کی ادائیں پیشِ نظر تھیں؟

(a)انسانوں کی (b)جنوں کی (c) فرشتوں کی (d)حوروں کی

**سوال نمبر7۔** مندرجہ ذیل میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیے۔ (1x5=5)

(i) معین احسن جذبیؔ کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔

(ii) ''غزل'' کی تعریف بیان کیجیے اور اس کی خصوصیات لکھیے۔

**سوال نمبر8۔** درج ذیل سوالات میں سے صرف دو سوالوں کے جوابات لکھیے۔ (2x2.5=5)

(i) شاعر انسان کو ''زندگی سے ڈرتے ہو'' کہہ کر کیا بات واضح کرنا چاہتا ہے؟

(ii) نظم ''زندگی سے ڈرتے ہو'' میں شاعر نے کس قسم کے انسانوں پر تنقید کی ہے؟

(iii) منزل نہ ملی تو قافلوں نے ۔ رستے میں جمالیے ہیں ڈیرے۔ اس شعر میں 'ڈیرے جما لینے' سے کیا مراد ہے؟

(iv)

ہوگا افسرہ ستاروں میں کوئی نالۂ صبح
غنچہ و گل میں کہیں بادِ سحر بھی ہوگی

اس شعر میں افسردہ ستاروں میں نالۂ صبح کا کیا مطلب ہے؟

**سوال نمبر9۔** نرمل ورما کے حالات زندگی اور ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔ (1x4=4)

**یا**

افسانہ "جنم دن" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

**سوال نمبر10۔** مندرجہ ذیل میں سے دو سوالوں کے جواب لکھیے۔ (2x3=6)

(i) افسانہ ''کلرک کی موت'' میں بری ژالوف اور چیرویا کوف کے رویے میں کیا فرق پایا جاتا ہے؟

(ii) افسانہ ''کلرک کی موت'' میں چیرویا کوف کی موت کی اصل وجہ کیا تھی؟ وضاحت کریں۔

(iii) افسانہ ''جلتی جھاڑی'' میں 'جلتی جھاڑی' کس چیز کی علامت ہے؟

(iv) افسانہ ''جلتی جھاڑی'' میں مرکزی کردار کے احساسات اور جذبات کس طرح اس کی زندگی کو متاثر کرتے ہیں؟

## (حصہ ب) اردو ادب کی تاریخ Section B

**سوال نمبر 11۔** درج ذیل سوالات میں سے صرف تین سوالات کے جوابات لکھیے۔ (3x5=15)

(i) فورٹ ولیم کالج اور میر امّن پر ایک مضمون لکھیے۔

(ii) اردو ادب میں ترقی پسند تحریک کی اہمیت پر مختصر نوٹ لکھیے۔

(iii) رسالہ "تہذیب الاخلاق" کی سرسید تحریک میں کیا اہمیت ہے؟

(iv) اردو زبان کے آغاز کے مختلف نظریات میں سے تین نظریات قلم بند کیجئے۔

(v) دبستان دہلی ودبستان لکھنؤ کے امتیازی خصوصیات لکھیے۔

**سوال نمبر12۔** مندرجہ ذیل سوالات کے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ (5x1=5)

(i) جدید اردو نظم کا بانی کسے مانا جاتا ہے؟

(a) اختر الایمان (b) اسماعیل میرٹھی (c) مولاناالطاف حسین حالؔی (d) اکبر الہ آبادی

(ii) "فورٹ ولیم کالج "کے شعبہ اردو کا پہلا صدر کون تھا؟

(a) لارڈ ویلزلی (b) ڈاکٹر جان گلکرسٹ (c) لارڈ کلائیو (d) ولیم بینٹک

(iii) ترقی پسند تحریک کی پہلی کانفرنس کی صدارت کس نے کی؟

(a) سجاد ظہیر (b) جیوتی گھوش (c) منشی پریم چند (d) ڈاکٹر محمد دین تاثیر

(iv) رسالہ "تہذیب الاخلاق" کس نے جاری کیا؟

(a) الطاف حسین حالؔی (b) علامہ شبلی نعمانی (c) محمد حسین آزاد (d) سر سید احمد خان



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.

(v) تنقیدی مضمون "خوجی ایک مطالعہ" کے مصنف کون ہیں؟

(a) مرزا غالبؔ (b) ذاکر حسین (c) علامہ شبلی نعمانی (d) احتشام حسین

## Section C (حصہ ج) صنائع و بدائع

**سوال نمبر13۔** مندرجہ ذیل میں سے صرف پانچ سوالوں کے جوابات لکھیے۔ (5x2=10)

(i)

اب بھاگتے ہیں سایۂ عشق بتاں سے ہم
کچھ دل سے ہیں ڈرے ہوئے کچھ آسمان سے ہم

مندرجہ بالا شعر میں ردیف اور قافیہ کی نشاندہی کیجیے۔

(ii)

اول شب وہ بزم کی رونق ، شمع بھی تھی پروانہ بھی
رات کے آخر ہوتے ہوتے ختم تھا یہ افسانہ بھی

مندرجہ بالا شعر میں صنعت تضاد کی نشاندہی کیجیے۔

(iii) "صنعت تعلّی" کسے کہتے ہیں؟

(iv) جب کوئی لفظ حقیقی معنوں کے بجائے مجازی معنوں میں استعمال ہو اور حقیقی اور مجازی معنوں میں تشبیہ کا تعلق موجود ہو تو اسے کیا کہتے ہیں؟شعری مثال بھی دیجیے۔

(v)

کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب
آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہِ طور کی

مندرجہ بالا شعر میں شاعر کون سی صنعت کی طرف اشارہ ہے؟

(vi) کلام میں ایک لفظ کی مناسبت سے دیگر الفاظ کا لانا کیا کہلاتا ہے؟مثال بھی دیجیے۔

(vii) "عظمت اللہ" چاند کی طرح خوبصورت ہے۔اسے آپ کس فنی خوبی کی مثال کہیں گے ؟

(viii)

ہیں اور بھی دنیا میں سخنور بہت اچھے
کہتے ہیں کہ غالبؔ کا ہے اندازِ بیاں اور

اس شعر میں کون سی فنی خوبی ہے؟



There is no change in the Question Paper Design and Assessment Pattern for Academic Session 2026-27.